AEC
Australian Electoral Commission

URDU

ٹھہریں اور سوچیں

اس فیڈرل الیکشن میں ماخذ کا پتہ چلائیں

فیڈرل الیکشن میں بہت زیادہ معلومات پھیلائی جاتی ہیں جن کا مقصد آپکے ووٹ پر اثر انداز ہونا ہے۔ یہ اہم ہے کہ آپ جو دیکھیں، سنیں یا پڑھیں، اس پر غور کریں۔ اگر آپکو معلومات کے حوالے سے کوئی شک و شبہ ہو تو کچھ سوالات اٹھا کر آپ خود اپنی رائۓ تشکیل دے سکتے ہیں اور فیصلہ کر سکتے ہیں۔

بحیثیت ووٹر آپکا کردار

یہ غور کرنے کے لیے وقت لگائیں کہ کیا معلومات:

قابل اعتبار ہیں

کیا یہ کسی قابل اعتبار یا پہچانے جا سکنے والے ماخذ سے لی گئی ہیں؟

کیا آپ معلومات کے ماخذ کو جانتے ہیں؟ کیا یہ کسی سندیافتہ ذریعۂ ابلاغ یا توثیق شدہ سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے آئی ہیں؟ انتخابات کے قوانین معلومات کی سچائی کے اصول و ضوابط طے نہیں کرتے۔

تازہ

معلومات کب شائع کی گئی تھیں؟

اگر کوئی پوسٹ/مضمون آج شیئر کیا گیا ہے تو محض اس وجہ سے اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ یہ تازہ ہے۔ ہمیشہ اصل ماخذ اور اشاعت کی تاریخ چیک کریں۔

محفوظ

کیا یہ دھوکہ ہو سکتا ہے؟

اگر آپ کو سوشل میڈیا یا دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر پھیلائی جانے والی معلومات کے ماخذ یا مندرجات پر شک ہو تو یہ اہم ہے کہ آپ کوئی قدم اٹھانے سے پہلے محتاط غوروفکر کر لیں۔

جہاں ممکن ہو، آپکو معلومات کے ماخذ کی رابطہ تفصیلات چیک کرنی چاہیئں۔

AEC کا کردار

آسٹریلین الیکٹورل کمیشن (AEC) ایک خودمختار ادارہ ہے جسے فیڈرل الیکشن کا انتظام سونپا گیا ہے۔ AEC کا کردار یہ ہے:

انتخابات کے عمل کے بارے میں قابل اعتبار معلومات فراہم کرنا

AEC اپنی اشتہاری مہم، ویب سائیٹ، رابطہ مرکز اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ذریعے اس بارے میں معلومات تک آسان رسائی فراہم کرے گا کہ بطور ووٹر اندراج کیسے کیا جاۓ، ووٹ کیسے دیا جاۓ یا انتخابی امیدوار کیسے بنا جاۓ۔

اگر انتخابات سے متعلق ان کاموں کے بارے میں کوئی غلط معلومات پائی جاتی ہوں تو AEC ریکارڈ کو درست کرنے کے لیے قدم اٹھاۓ گا۔ انتخابات سے تعلق رکھنے والے ان کاموں سے ہٹ کر – AEC کا ایسا کوئی کردار نہیں کہ انتخابات کے بارے میں معلومات کی درستگی کو چیک کرے۔

انتخابات سے متعلق معلومات یا خبروں کی منظوری کی چھان بین کرنا

انتخابات سے متعلق بعض معلومات یا خبروں کے ضمن میں ضروری ہے کہ وہ منظور شدہ ہوں تاکہ آپکو معلومات کا ماخذ جاننے میں مدد ملے۔ شکایات ملنے پر AEC انتخابات سے متعلق ایسی معلومات کی چھان بین کرے گا جن کی درست منظوری مہیا نہ کی گئی ہو۔

13 23 26 aec.gov.au

الیکٹورل کمیشنر کی اجازت سے، کینبرا
Authorised by the Electoral Commissioner, Canberra